© rasailojaraid.com



# تعزیتی اِی میل

سید محمد ذوالکفل بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے سانحۂ ارتحال پر تعزیتی اِی میل (اردو ترجمہ)

☆**پروفیسر ڈاکٹر گوپی چند نارنگ (انڈیا)**

یا خدا! زندگی کتنی مختصر ہوگئی ہے۔ ہم اُن کے لیے دعا گو ہیں۔ دکھ کے اِس لمحے میں آپ کا ساتھی۔ گوپی چند نارنگ۔

☆**ڈاکٹر شمس الرحمٰن فاروقی (انڈیا)**

اللہ اُن کی مغفرت کرے۔ اُن کی وفات سے بہت نقصان ہوگیا۔ اللہ آپ کو صبر دے۔

☆**ڈاکٹر الٰہی بخش اختر اعوان (برطانیہ)**

میں ضلع ہزارہ میں سید ذوالکفل کے نانا مرحوم سید عطاء اللہ شاہ بخاری صاحب کی تقریریں سن چکا ہوں۔ یہ تقسیمِ ہند سے پہلے کی بات ہے۔ اُن کے خاندان میں علم کی روایت کی تناوری کی شہادت اُن کی اور حافظ صفوان صاحب کی مرتّبہ اردو-انگریزی لغت دیکھ کر ملی۔ اُن کی شہادت کی خبر ملی۔ اللہ اُن کی مغفرت کرے اور درجات کو مزید بلند فرمائے۔ اللہ کرے کہ اُن کے علمی کام مکمل ہوسکیں۔ آمین۔

☆**ڈاکٹر ظہیر احمد (برطانیہ)**

ذوالکفل بھائی کی وفات کی خبر پر یقین کرنا میرے لیے بہت ہی مشکل ہے۔ اللہ اُن کی سیئات سے درگزر فرمائے اور اُن کی قبر کو نور اور جنت کی خوشبوؤں سے بھر دے۔

☆**ڈاکٹر ناصر محمود راجپوت (برطانیہ)**

ذوالکفل صاحب کے دنیا سے سفر کر جانے کی خبر نے مجھے بہت غمزدہ کر دیا۔ وہ بے شک ایک بھلے آدمی تھے اور اُن کی حسِ مزاح بہت اچھی تھی۔ اللہ اُن کی روح کو سکون میں رکھے اور اُن کے خاندان کو اِس عظیم نقصان کو صبر سے جھیلنے کی توفیق دے۔ ہمارے زکریا یونیورسٹی میں تعلیم کے زمانے (۱۹۹۱ء-۱۹۹۴ء) میں اُن سے کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ بعد میں بھی کئی بار ملنا ہوا۔ مجھے کئی بار جمعہ دارِ بنی ہاشم میں پڑھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی اور ذوالکفل صاحب سے اکثر وہاں ملاقات بھی ہوتی۔

☆**ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی (لاہور) (رومن اردو میں)**

ہر روز بری خبریں سننے کو ملتی ہیں۔ آج بھی از حد رنجیدہ کرنے والی خبر سنی کہ سید ذوالکفل بخاری انتقال فرما گئے



© rasailojaraid.com